**فوری ریلیز کے لیے: 2024/6/2** **گورنر *KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے انٹر ایجنسی فائر سیفٹی ورکنگ گروپ کی جانب سے ابتدائی سفارشات جاری کی ہیں***

***اس ورکنگ گروپ نے بیٹری کی توانائی ذخیرہ کرنے کے سسٹمز کے لیے تجویز کردہ بہتر حفاظتی معیارات کا خاکہ پیش کیا ہے***

***ان سفارشات میں ریاست نیو یارک کے فائر کوڈ کو اپ ڈیٹ کرنا اور بہترین طریقے رائج کرنا شامل ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج انٹر ایجنسی فائر سیفٹی ورکنگ گروپ کی جانب سے ابتدائی سفارشات جاری کی ہیں، جن میں بیٹری کی توانائی ذخیرہ کرنے کے سسٹمز کے لیے بہتر بنائے گئے حفاظتی معیارات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اس مسودے کی سفارشات میں ریاست نیو یارک کے فائر کوڈ میں ممکنہ اپ ڈیٹس کے علاوہ بہترین طریقوں کی وضاحت اور ان پر عمل درآمد کے لیے اضافی مواقع کی ایک فہرست بھی شامل ہے۔ اگر انہیں اخذ کر لیا جائے، تو یہ تبدیلیاں حفاظتی معیارات میں بہتری لائیں گی اور بیٹری کی توانائی ذخیرہ کرنے کے ذمہ دار اور قابلِ اعتماد سسٹمز کی ترقی میں، نیو یارک کو قومی رہنما کے طور پر ایک مقام پر برقرار رکھیں گی۔ آج کا یہ اعلان ابتدائی ڈیٹا کے اجراء کے بعد کیا گیا ہے جس میں معلوم ہوا ہے کہ گزشتہ موسم گرما میں جیفرسن، اورنج اور سافک کاؤنٹیز میں بیٹری کی توانائی ذخیرہ کرنے کے سسٹمز میں لگنے والی آگ کے بعد کوئی زخمی نہیں ہوا ہے اور نہ ہی کسی بھی سطح کے کسی زہریلے مواد کا پتہ چلا ہے۔

"بیٹری کی توانائی ذخیرہ کرنے کے سسٹمز کی صنعت کی جانب سے نیو یارک بھر کی کمیونٹیز کو صاف توانائی کے مستقبل کی جانب منتقلی کے قابل بنایا جا رہا ہے، اور یہ انتہائی اہم ہے کہ ہمارے پاس جامع حفاظتی معیارات موجود ہوں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ورکنگ گروپ کی سفارشات اپنانے سے محفوظ طریقے سے اور ذمہ داری کے ساتھ نیو یارک کی صاف توانائی کی جانب منتقلی انجام دی جائے گی۔"

آج کے دن اعلان کردہ مسودے کی 15 سفارشات ورکنگ گروپ کی جانب سے تجویز کی گئی ہیں، جنہیں ملک کے اس شعبے کے سرکردہ ماہرین کی رہنمائی کے ساتھ، موجودہ فائر کوڈ برائے ریاست نیو یارک ( Fire Code of New York State، FCNYS) اور توانائی ذخیرہ کرنے والے دیگر فائر سیفٹی معیارات کا مکمل جائزہ لینے کے بعد پیش کیا گیا ہے۔ ان میں احتیاطی اور امدادی کارروائیوں کے ساتھ بہترین طریقوں پر بھی توجہ دی گئی ہے، اور ان میں پروجیکٹ پرمٹ ایپلیکیشن پیکجز، ایمرجنسی رسپانس پلاننگ، اور آگ کی روک تھام کے محکمے کی مقامی تربیت کے ساتھ پروجیکٹ کے جائزے سے متعلق مجوزہ تقاضے شامل ہیں۔ یہ سفارشات نیو یارک میں BESS کے انضباطی فریم ورک کو مزید بہتر بنانے کے طریقوں کی نشاندہی کرتی ہیں، جن کا مقصد یہ ہے کہ 600 کلو واٹ فی گھنٹے (kilowatt-hours، kWh) سے زیادہ لیتھیئم آئن BESS پر لاگو کیا جائے۔ یہ سفارشات بیرونِ خانہ سسٹمز، خصوصی استعمال کی عمارتوں میں BESS، اور گرڈ کے پیمانے پر بیٹری کی توانائی ذخیرہ کرنے کے دیگر سسٹمز پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے تیار کی گئی تھیں۔ FCNYS کے اگلے ایڈیشن میں شامل کرنے کے لیے ریاست نیو یارک کے کوڈ کونسل (کوڈ کونسل) کے ذریعے ان پر غور کیا جائے گا تاکہ ریاست میں اور ممکنہ طور پر پورے ملک میں حفاظتی معیارات کی تعیناتی کو بہتر بنانے میں مدد کی جائے۔ دلچسپی رکھنے والے اسٹیک ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ورکنگ گروپ کو اس مسودے کی سفارشات پر کیے گئے تبصرے جمع کروائیں تاکہ زیرِغور لانے کے لیے کوڈ کونسل کو پیش کی جانے والی حتمی سفارشات میں شامل کیا جا سکے۔

عوامی تبصرے کی مدت 5 مارچ، 2024 کی سہ پہر 3:00 بجے EST تک کھُلی رہے گی۔

بیٹری کی توانائی ذخیرہ کرنے کے سسٹمز، قابل اعتماد، صفر اخراج والے گرڈ کے حصول کے لیے ایک اہم جزو ہیں کیونکہ زیادہ مانگ یا کم پیداواری اوقات کے دوران گرڈ پر پڑنے والے بوجھ کو متوازن کرنے میں بجلی کے ذخائر مدد کر سکتے ہیں۔ 2023 کے موسم گرما میں ریاست نیو یارک میں BESS کے تین مقامات پر آگ لگنے کے ایک سلسلے کے بعد، گورنر Hochul نے لیتھیئم آئن BESS کے حوالے سے حفاظتی خدشات دور کرنے کے لیے انٹر ایجنسی فائر سیفٹی ورکنگ گروپ کو مدعو کیا تھا۔ اس ورکنگ گروپ میں ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے وطن کی سلامتی و ہنگامی خدمات، ریاست نیو یارک کے دفتر برائے تدارکِ آتشزدگی اور روک تھام، ریاست نیو یارک کی توانائی کی تحقیق اور ترقیاتی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority، NYSERDA)، ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ، محکمۂ عوامی خدمات اور محکمۂ خارجہ کی جانب سے ریاستی ایجنسی کے اہلکار شامل ہیں، اس کے علاوہ ملک کے معروف BESS سیفٹی انڈسٹری کے ماہرین شامل ہیں جن کے مقاصد یہ ہیں کہ حالیہ ناکامی کے واقعات کی تحقیقات کی جائیں، موجودہ تنصیبات کا معائنہ کیا جائے اور کوڈز اور صنعت کے بہترین طریقوں میں موجود خامیوں کی نشاندہی کی جائے۔

**NYSERDA کی صدر اور CEO Doreen M. Harris نے کہا،** "نیو یارک کے صاف توانائی کے مستقبل کی مکمل صلاحیت کا ادراک کرنے کے لیے قیادت اور ایک عزم درکار ہے تاکہ بیٹری کی توانائی ذخیرہ کرنے کے سسٹمز کی محفوظ اور ذمہ دارانہ انداز میں تنصیب کی جائے۔ گورنر کے انٹر ایجنسی ورکنگ گروپ کی طرف سے پیش کی گئی یہ مجوزہ سفارشات ایک خاکہ فراہم کرتی ہیں تاکہ کمیونٹیز اور اوّلین امدادی کارکنان کی حفاظت کے لیے جدید ترین کوڈز، معیارات اور بہترین طریقوں کے ساتھ اس اہم ٹیکنالوجی کو آگے بڑھایا جائے جبکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ یہ نظام ریاست کے الیکٹرک گرڈ کی لچک اور کارکردگی کو بڑھاتے رہیں گے۔"

**ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے وطن کی سلامتی و ہنگامی خدمات کی کمشنر Jackie Bray نے کہا،** "معدنی ایندھن پر ہمارا انحصار کم کرنے اور نیو یارک کے صاف توانائی کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے بیٹری کی توانائی ذخیرہ کرنے والی جگہیں انتہائی ضروری ہیں۔ ان سفارشات سے ان سہولت گاہوں کے محفوظ آپریشن کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی اور یہ دوسری ریاستوں کے لیے ایک ماڈل کے طور پر کام کریں گی جبکہ ہم ایک سرسبز مستقبل کی تعمیر کر رہے ہوں گے۔"

**ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "نیو یارک کے شہریوں کی حفاظت ہمیشہ سے گورنر Hochul کی اوّلین ترجیح ہوتی ہے اور یہ سفارشات ہی نیو یارک کو دیگر ریاستوں کے لیے ایک رہنما بناتی ہیں۔ DEC کے ماہرین نے فائر سیفٹی ورکنگ گروپ کی معاونت کی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ توانائی ذخیرہ کرنے کی تنصیب کے پروجیکٹس کے ذریعے ہماری کمیونٹیز اور ماحولیات کا تحفظ بدستور جاری رکھا جائے۔"

**ریاست نیو یارک کے محکمۂ عوامی خدمات کے CEO Rory M. Christian نے کہا،** "میں گورنر Hochul کو اس اہم انٹر ایجنسی فائر سیفٹی ورکنگ گروپ کی تشکیل میں قائدانہ کردار ادا کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ بیٹری کی توانائی ذخیرہ کرنے کے سسٹمز ایک اہم کردار ادا کریں گے تاکہ قابل اعتماد، صفر اخراج والے الیکٹرک گرڈ کے حصول میں نیو یارک کی مدد کی جائے اور ہمارے ملک کا صاف توانائی کا معروف مینڈیٹ پورا کرنے میں ہماری مدد کی جائے۔"

**نیو یارک پاور اتھارٹی کے صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا،** "توانائی کا یہ ذخیرہ ایک ایسی جدید ٹیکنالوجی کی نمائندگی کرتا ہے جو نیو یارک کے قومی سطح پر صاف توانائی کے اہداف کو آگے بڑھانے میں مدد دے گی اور یہ امید کی جاتی ہے کہ ہمارے کاربن سے پاک برقی نظام کی طرف منتقلی کے سلسلے میں ایک وسیع اثر پڑے گا۔ نیو یارک پاور اتھارٹی کے لیے توانائی ذخیرہ کرنے کے سسٹمز کی حفاظت کرنا ایک اہم توجہ طلب موضوع ہے۔ گورنر کے انٹر ایجنسی ورکنگ گروپ پر ہماری حمایت اور دیگر ریاستی ایجنسیوں کے ساتھ تعاون کے ذریعے،

ہم اس صنعت کو آگ اور حفاظت کے معیارات پر مشاورت فراہم کر رہے ہیں جو آنے والے سالوں میں توانائی ذخیرہ کرنے کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں رہنمائی کریں گے۔"

آج کا اعلان گزشتہ سال کے آخر میں آتشزدگی کے مقامات پر ہوا، مٹی اور پانی کی جانچ کے ابتدائی نتائج کے اجراء کے بعد ورکنگ گروپ کی طرف سے کی جانے والی پیش رفت پر مبنی ہے۔ مزید برآں، یہ ورکنگ گروپ متاثرہ سہولت گاہوں کے بیٹری صنعت کاروں اور یوٹیلیٹی کمپنیوں کے ساتھ بات چیت کو حتمی مرحلے تک پہنچا رہا ہے، تاکہ واروِک، ایسٹ ہیمپٹن، اور چاؤمونٹ کی آتشزدگی کے واقعات کے لیے بنیادی وجوہات کے تجزیے ( Root Cause Analysis، RCA) کی رپورٹس حاصل کی جائیں۔ رپورٹس کے دستیاب ہونے کے بعد اس موضوع کے ماہرین ان کا جائزہ لیں گے اور ان کا تجزیہ کریں گے۔

اس ورکنگ گروپ نے نیو یارک میں 300 kW سے اوپر کے تمام فعال بیٹری سسٹمز کا معائنہ کرنے کے لیے اس موضوع کے ماہرین کے ساتھ شراکت داری کی ہے، جو ریاست بھر میں سروس کی حالت میں موجود کمرشل بیٹری سسٹمز کی اکثریت کا حصہ ہے۔ یہ معائنے فی الوقت جاری ہیں اور 2024 کی دوسری سہ ماہی تک ان کی تکمیل متوقع ہے۔ ان معائنوں کا ہدف یہ ہے کہ بیٹری کی توانائی ذخیرہ کرنے والے سسٹمز کو متحرک کرنے سے پہلے ریاست نیو یارک اور دیگر کے استعمال کے لیے دستیاب موجودہ چیک لسٹوں اور بہترین طریقوں پر نظرثانی کی جائے اور ہنگامی ردعمل کے اقدامات میں اضافہ کرتے ہوئے بیٹری کی آتشزدگیوں سے سیکھے گئے اسباق شامل کیے جائیں۔

**ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ**

ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد کا رخ، جنکا مستقبل کا ہدف 40 فیصد ہو، غریب و پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، نیویارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest program, NYCI) اور دیگر تکمیلی پالیسیوں سمیت کاوشوں کے ایک سلسلے پر پیشرفت کر رہا ہے - جن کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 2030 تک 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد تک کم کیا جائے گا۔ نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاریاں کرنا اس انقلابی تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 64 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 40$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 3$ بلین سے زائد، اور NY Green Bank کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2022 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 170,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ 400 رجسٹر شدہ اور 130 سے زائد مصدقہ موسمیاتی اسمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والے ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی اقدامات کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں